**بیسک فیکٹ شیٹ**

**"الفا ٹرانزیکشن تکافل بائی ای ایف یو "**

معزّزصارف،

تکافل پلان منتخب کرنا ایک اہم فیصلہ ہوتا ہے اور ہم آپ کے تکافل منتخب کرنے کے لئے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اپنے عہد کےحصے کے طور پر کہ آپ اس تکافل منتخب کرنے کے خطرات اور فوائد کو مکمل طور پر سمجھتے یں، براہ مہربانی اپنے فہم و ادراک کے لئے درج ذیل تفصیلات نوٹ فرمائیں:

- **" الفا ٹرانزیکشن تکافل بائی ای ایف یو " -** ایک مالی اور زندگی کے تحفظ پر مبنی فائدہ (ٹرانزیکشنل /ٹر م تکافل) جس کا مقصد بینک الفلاح کے صارفین کو کسی مالی دھوکہ دہی کے لین دین اور کسی بھی وجہ سے وفات کی صورت میں تحفظ فراہم کرنا ہے۔
- کسی ابہام سے بچنے کے لئے ، **بینک الفلاح**کی طرف سے مارکیٹ کی جانے والی/فراہم کی جانے والی یہ پروڈکٹ سراسر **ای ایف یو لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز اور ای ایف یو ۔ونڈو تکافل آپریشنز** کی پروڈکٹ ہے اور **بینک الفلاح** ایسی پروڈکٹس کی پیشکش کے سلسلے میں **ای ایف یو لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز اور ای ایف یو ۔ونڈو تکافل آپریشنز** کے صرف تقسیمی ایجنٹ کی حیثیت میں کام کررہا ہے۔ پلانز نہ ہی بینک ڈپازٹس ہیں اور نہ ہی بینک کی ذمہ داریاں اور **بینک الفلاح** ایسی پروڈکٹس کی کارکردگی کے سلسلے میں یا شرکت کنندہ کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا جو صارف کو **ای ایف یو لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز اور ای ایف یو ۔ونڈو تکافل آپریشنز** کے عملدرآمد اور /یا پلان کے تحت کسی بھی کلیم کے رد کئے جانے کے نتیجے میں پیش آئے۔
- **الفا ٹرانزیکشن تکافل بائی ای ایف یو** کے لئے غور و فکر کا دورانیہ پندرہ دن ہے جس میں بغیر کسی جرمانے کے تکافل پالیسی /شرکت کنندہ رکنیت دستاویز منسوخ کی جاسکتی ہے اور شرکت کنندہ کو ادا کئے گئے کنٹریبیوشن کی کل رقم واپس کردی جائے گی۔
- کنٹریبیوشن مکمل طور پر **ای ایف یو لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز اور ای ایف یو ۔ونڈو تکافل آپریشنز** کی طرف سے واپس کیا جائے گا اگر تکافل پالیسی/ شرکت کنندہ رکنیت دستاویز غوروفکر کے دورانیے میں منسوخ کی جاتی ہے۔ البتہ، اگر تکافل پالیسی غور و فکر کے دورانیے کے بعد منسوخ کی جاتی ہے، تو ادائیگی نہیں کی جائے گی، البتہ تکافل پالیسی کسی بھی وقت منسوخ کی جاسکتی ہے ۔ کسی کلیم کی صورت میں ، تکافل پالیسی /شرکت کنندہ رکنیت دستاویز کو منسوخ کیا جاسکتا ہے، اور کنٹریبیوشن واپس نہیں کیا جائے گا، اور کلیم پر تکافل پالیسی /شرکت کنندہ رکنیت دستاویز کی شرائط و ضوابط کے مطابق عمل در آمد کیا جائے گا۔
- مندرجہ ذیل اس پالیسی کے تحت شامل نہیں ہیں:
  - لین دین کے ریکارڈنگ سسٹم میں کسی بھی قسم کی غلطیاں؛
  - شرکاء کے اکاؤنٹ سے اصل لین دین کی رقم سے زیادہ یا کم رقم کی کٹوتی؛
  - اکاؤنٹ سے ایسی رقم کی کٹوتی جو بینک/مالیاتی ادارے کے ذریعے مقرر کردہ کارڈ کی حد یا اکاؤنٹ بیلنس سے زیادہ ہو؛
  - کسی بھی قسم کی سائبر فراڈ/ذمہ داری/جرم سے متعلقہ اور اسی طرح کے نقصانات کے لیے کوئی کور نہیں دیا جائے گا؛
  - ایسے نقصانات جو پالیسی جاری ہونے کی تاریخ سے پہلے شرکاء کو معلوم ہوں، ان کا احاطہ نہیں کیا جائے گا؛
  - کسی بھی ایسے واقعے کا کور نہیں دیا جائے گا جہاں شرکاء اپنی لاعلمی یا دانستہ طور پر خفیہ بینک معلومات فراہم کریں (جیسے کہ اسپوفنگ اور سوشل انجینئرنگ)؛
  - ایسے پراسرار لین دین کے لیے کوئی کور فراہم نہیں کیا جائے گا جس کے نقصان کی وجہ معلوم نہ کی جا سکے؛
  - ایسا کوئی بھی نقصان جو پالیسی کی مدت کے دوران دریافت اور اطلاع نہ دیا گیا ہو؛
  - اگر شرکاء خود، اکیلے یا کسی کے ساتھ مل کر، کوئی دھوکہ دہی کریں تو اس کا احاطہ نہیں کیا جائے گا؛

- اگر شرکاء اپنی ذاتی معلومات (جیسے کہ او ٹی پی، ذاتی اکاؤنٹ یا کارڈ کی تفصیلات) جان بوجھ کر یا نادانستہ طور پر یا کسی دباؤ یا خطرے کے تحت شیئر کریں تو اس سے ہونے والے کسی بھی نقصان کا احاطہ نہیں کیا جائے گا؛
- جنگ، ایس آر سی سی، دہشت گردی اور سیاسی خطرات، جوہری خطرات، وبائی امراض، بین الاقوامی پابندیوں کی حد بندی، اور منی لانڈرنگ سے متعلقہ نقصانات کا احاطہ نہیں کیا جائے گا؛
- خودکشی، جان بوجھ کر خود کو نقصان پہنچانا، قتل، حملہ، سازش، آتشیں اسلحے سے زخمی ہونا، کسی مجرمانہ سرگرمی میں ملوث ہونا یا کسی قانون کی خلاف ورزی کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات کا احاطہ نہیں کیا جائے گا۔

- ٹرانزیکشن تکافل کی اہلیت کا معیار:

| اہلیت کا معیار | فوائد |
|---|---|
| اندراج کی عمر: 18 سے 64 سال<br>تحفظ کی عمر: 18 سے 65 سال | دھوکہ دہی کے لین دین کا تحفظ<br>ٹرم تکافل تحفظ |
| اندراج کی عمر: 18 سال اور اس سے زائد<br>تحفظ کی عمر: 18 سال اور اس سےزائد | دھوکہ دہی کے لین دین کا تحفظ |

- وضاحت کی جاتی ہے کہ اس تکافل پالیسی /شرکت کنندہ رکنیت دستاویز سے متعلق کسی بھی شکایت کے لئے ، شرکت کنندہ/بینفشری **ای ایف یو لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز** یا **ای ایف یو ۔ونڈو تکافل آپریشنز** سے 111-EFU-HEMیا 3565-3907-9 (21 92+)پر رابطہ کرسکتا ہے۔ شرکت کنندہ 111 225 111 (021)پر بینک الفلاح سے رابطہ کرسکتا ہے یا contactus@bankalfalah.com پر ای میل کرسکتا ہے۔

-
- پلان کے سلسلے میں کسی کلیم کی صورت میں، براہ مہربانی درج ذیل پتے پر تکافل کمپنی سے رابطہ کریں:

| ٹرم تکافل کے لئے | دھوکہ دہی کا لین دین |
|---|---|
| ای ایف یو لائف ہاؤس رابطہ تفصیلات:<br>ای ایف یو لائف ہاؤس، کلیمز ڈپارٹمنٹ،<br>پلاٹ نمبر 112، 8ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے، فیز 1، کراچی<br>فون: 436 338 111 21 92+<br>ای میل ای ایف یو لائف:<br>claims@efuinsurance.com | ای ایف یو جنرل رابطہ تفصیلات:<br>پہلا فلور، کاشف سینٹر، شاہراہ فیصل، کراچی<br>فون: 3565 3907-9 (21 92+)<br>ای میل ای ایف یو جنرل:central@efuinsurance.com |

**بینک الفلاح ۔** فون بینکنگ: 111 225 111 (021)

**نوٹ:**

1۔ بینک آپ کو تعلیمی طور پر اہل سمجھے گا اس حقیقت پر کہ آپ نے درخواست پر لاگ ان کیا ہے اور اپنا اکاؤنٹ چلانے کے لئے ٹیکنولوجی سے واقف ہیں

2۔ آپ کی آسانی کے لئے بینک نے دستاویز اردو اور انگریزی زبانوں میں فراہم کی ہے۔ براہ مہربانی دستاویز کو پڑھئے اور اس پر اپنی رضامندی پیش کیجئے جو یقینی بنائے گا کہ آپ پالیسی منتخب کرنے کے لئے طبی طور پر صحیح حالت میں ہیں

3۔ ایک مرتبہ جب آپ نے پالیسی منتخب کر لی ہے، تو براہ مہربانی پالیسی دستاویز کا بغور جائزہ لیجئے جو "پالیسی بریف کیس" میں موجود ہیں